# COVID-19 کی ویکسین

اکثر پوچھے جانے والے سوال

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

اپ ڈیٹ ہوا 17 مئی 2021

## COVID-19 کی ویکسین کیسے تیار کی گئیں؟ کیا یہ محفوظ ہیں؟

- جب COVID-19 وائرس کا پہلی بار پتہ چلا تھا تو دنیا بھر کے بہت سے سائنسدانوں نے اس کے خلاف ویکسین بنانے کا کام شروع کیا تھا۔ ویکسین بنانے میں عموماً کافی وقت لگتا ہے۔ اس بار سب نے مل کر کام کیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ویکسین بنانے کے متعدد کام بیک وقت انجام دینا ممکن بنانے کے لیے کافی رقم، افراد اور موزوں وسائل موجود ہیں۔ اس سفر میں ہر مرحلے میں تحفظ چیک کیا گیا تھا۔
- ہر سال سائنسدان موسمی فلو کے لیے محفوظ اور نئی ویکسین بناتے ہیں۔
- جب کوئی چیز نئی ہو تو پریشان یا غیریقینی ہونا عام ہے۔ تاہم، ہیلتھ کینیڈا کا منظوری کا ایک محتاط عمل ہے جو یہ یقینی بناتا ہے کہ ہماری لی جانے والی تمام ادویات اور ویکسینز محفوظ ہیں۔
- ڈاکٹروں اور سائنسدانوں نے یہ یقینی بنانے کے لئے کام کیا ہے کہ کینیڈا میں دستیاب چاروں ویکسین محفوظ ہیں ۔ وہ ویکسین کی حفاظت کی جانچ کرتے رہتے ہیں تاکہ کسی بھی غیر معمولی مضر اثرات کی نشاندہی کریں ۔ اس سے یہ بات یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ ہم ویکسین کی محفوظ اور موثر فراہمی کو برقرار رکھ رہے ہیں۔
- لاکھوں لوگوں کو ویکسین دیئے جانے کے بعد یہ پتا چلا کہ ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) اور جینسن (Janssen) کی ویکسین ایک نایاب لیکن سنگین خون کی خرابی جسے ویکسین انڈیوسڈ تھرومبوٹک تھرومبوسائٹوپینیا (VITT) کہا جاتا ہے، کا سبب بن سکتی ہے۔ یہ خون کے جمنے ، آئی سی یو میں داخل ہونے اور یہاں تک کہ موت کا سبب بن سکتی ہے۔ تاہم ، تحفظاتی جانچ اتنی درست ہے کہ سائنس دان اس غیر معمولی ضمنی اثر کو دیکھنے میں کامیاب ہوئے اور اب ڈاکٹر اس کو پہچاننے

## کیا COVID-19 کی ایک سے زائد ویکسینز ہیں؟

- دنیا بھر میں بہت سی ویکسینز تیار کی جا رہی ہیں۔ ابھی تک، کینیڈا میں چار ویکسینز منظور کی جا چکی ہیں: AstraZeneca، Moderna، Pfizer-BioNTech، اور Janssen (Johnson & Johnson) vaccines۔ ہو سکتا ہے ویکسینز کو کچھ مختلف طریقوں سے تیار اور آزمایا گیا ہو، لیکن یہ سب COVID-19 سے موت یا ہسپتال داخل ہونے سے آپ کو بچائیں گے۔

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنہیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

## AstraZeneca، Moderna، Pfizer-BioNTech، اور Janssen (Johnson & Johnson) vaccines ویکسینز کے درمیان فرق کیا ہے؟

| ویکسین کا نام | Pfizer-BioNTech | Moderna | AstraZeneca | Johnson & Johnson |
|---|---|---|---|---|
| ویکسین کی قسم | mRNA | mRNA | ایڈینو وائرس پر مبنی | ایڈینو وائرس پر مبنی |
| عمر کی اہلیت | 12 اور زیادہ | 18 اور زیادہ | 18 اور زیادہ | 18 اور زیادہ |
| درکار خوراکیں | 2 خوراکیں | 2 خوراکیں | 2 خوراکیں | 1 خوراک |

## mRNA ویکسین کیا ہے؟

- Pfizer-BioNTech اور Moderna mRNA ویکسینز ہیں۔
- mRNA پر تحقیق نئی نہیں ہے۔ اس پر دہائیوں تک تحقیق کی گئی ہے۔
- mRNA آپ کے خلیوں کو اینٹی باڈیز بنانے کی ترکیب دیتا ہے جو COVID-19 وائرس کے خلاف لڑتی ہیں۔
- سائنسدانوں نے COVID-19 وائرس پر "سپائیک پروٹین" کی موجودگی کی نشاندہی کی ہے۔ پھر انہوں نے mRNA ویکسین بنائی تا کہ آپ کے جسم کو بتا سکے کہ وہ سپائیک پروٹین کیسے بنانی ہے۔
- جب آپ کو ویکسین لگتی ہے تو یہ آپ کے خلیوں کو ہدایت کرتی ہے کہ بے ضرر سپائیک پروٹین بنائے۔ پھر آپ کا مدافعتی نظام اس سے لڑنے کے لیے اینٹی باڈیز بناتا ہے۔ اگر آپ کا COVID-19 سے رابطہ ہوتا ہے، تو آپ کے جسم کو پتہ ہو گا کہ اس سے کیسے لڑنا ہے۔ اسی وجہ سے آپ کو ویکسین لگنے کے بعد پٹھوں کی سوجن، بخار اور دیگر معمولی ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔
- اب آپ کا مدافعتی نظام وائرس کو یاد رکھے گا۔ اگر آپ کا COVID-19 سے رابطہ ہوتا ہے، تو آپ کا جسم اسے پہچان لے گا اور اسے پتہ ہو گا کہ آپ کو بیمار کیے بغیر اس سے کیسے لڑنا ہے۔
- ویکسین سے آپ کو COVID-19 نہیں ہوتا۔

## ایڈینو وائرس پر مبنی ویکسین کیا ہے؟

- AstraZeneca اور Janssen (Johnson & Johnson) ایڈینو وائرس پر مبنی ویکسینز ہیں۔
- ایڈینو وائرسز عام وائرس ہیں جن سے بخار جیسی علامات ہو سکتی ہیں۔
- ایڈینو وائرس پر مبنی ویکسینز پر کئی دہائیوں تک تحقیق کی گئی ہے۔ انہیں دیگر وائرسز کے جینز (DNA) ڈیلیور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور آپ کے جسم کو ہدایت کرتی ہیں کہ اینٹی باڈیز بنائیں، لیکن یہ بیماری کا باعث نہیں بنتیں۔
- COVID-19 کی ویکسین کے لیے، محققین نے COVID-19 وائرس سے ایک جین کا تبادلہ کیا۔

(صفحہ 3 پر جاری)

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنہیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

(صفحہ 2 سے جاری)

- ایڈینو وائرس ویکسین بے ضرر COVID-19 وائرس کی سپائیک پروٹین بناتی ہے، جو آپ کے جسم کے مدافعتی نظام کو وائرس سے لڑنے کے لیے اینٹی باڈیز بنانے کا کہتی ہے۔
- اسی وجہ سے آپ کو ویکسین لگنے کے بعد جلد ہی پٹھوں کی سوجن، بخار اور دیگر معمولی ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔
- اب آپ کے مدافعتی نظام کو COVID-19 وائرس یاد ہے۔ اگر آپ کا COVID-19 سے رابطہ ہوتا ہے، تو آپ کے جسم کو وائرس کا پتہ ہو گا اور آپ کو بیمار کیے بغیر اس سے لڑے گا۔
- ویکسین سے آپ کو COVID-19 نہیں ہوتا۔

## کیا زیادہ افادیت کی حامل ویکسینز کم افادیت والی ویکسینز سے بہتر ہیں؟

- ویکسین کی افادیت ایک اصطلاح ہے جسے کلینیکل مطالعہ جات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے مراد ایسے افراد جنہیں ویکسین نہیں لگائی گئی (پلیسیبو گروپ) کے مقابلے میں ایسے افراد جنہیں ویکسین لگائی گئی (علاج والا گروپ) میں COVID-19 کے واقعات میں کمی ہے۔
- تاثیر افادیت سے مختلف ہے - تاثیر یہ ہے کہ ویکسین اصل دنیا میں کتنی اچھی طرح سے کام کرتی ہے، نہ کہ کلینیکل جانچوں میں۔
- چاروں ویکسینز COVID-19 کی وجہ سے اسپتال میں داخل ہونے اور اموات کی روک تھام کی اعلیٰ افادیت رکھتی ہیں۔
- چاروں ویکسینز آپ کو شدید علامات، اسپتال میں داخل ہونے اور COVID-19 کی وجہ سے موت سے بچاتی ہیں۔
- آپ کو مختلف افادیتوں کے متعلق پریشان نہیں ہونا چاہیے کیونکہ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ ہر وہ شخص جسے ویکسین لگائی گئی ہے ـوہ COVID-19 کی بد ترین علامات سے محفوظ ہے

## کچھ ویکسینوں سے وابستہ خون کے جمے لوتھڑوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟

- VITT (ویکسین انڈیوسڈ تھرومبوٹک تھرومبوسائٹوپینیا) خون کی ایک غیر معمولی لیکن سنگین بیماری ہے ۔ یہ کسی بھی فرد میں ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) اور جینسن (Janssen) ویکسین لینے کے بعد چار سے 28 دن مین پیدا ہو سکتی ہے۔ VITT کا تعلق فائزر (Pfizer) یا (Moderna) موڈرنا ویکسین سے نہیں ہے۔
- جن لوگوں کو ایسی ہی کوئی بیماری ہوئی ہو جسے ہیپرین انڈیوسڈ تھرمبوسائٹوپینیا (HIT) کہا جاتا ہے یا جن کو سیریبل سائنس وین تھرومبوسس ہوا ہو ان میں VITT کے پیدا ہونے کا زیادہ خطرہ ہو سکتا ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے خون کے جمنے کی کچھ اقسام پیدا ہو سکتی ہیں ، آئی سی یو میں داخل ہونا پڑ سکتا ہے اوریہاں تک کہ موت واقع ہوسکتی ہے۔
- COVID-19 خون کے جمنے ، آئی سی یو میں داخل ہونے اور موت کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ کچھ حالات میں ، ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) اور جینسن (Janssen) ویکسین سے صحت کے مسائل پیدا ہونے کا خطرہ COVID-19 سے شدید پیچیدگی ہونے کے خطرے سے بہت کم ہوسکتا ہے۔ اپنے خطرات کے بارے میں معلومات اور یہ فیصلہ کرنے میں مدد حاصل کرنے کے لیے کہ آیا آپ ویکسین لیں ، اپنے صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندہ سے بات کریں۔
- ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین کی وجہ سے VITT کے ہونے کے زیادہ خطرہ کی وجہ سے ، اونٹیریو کی حکومت نے اس مخصوص ویکسین کی پہلی خوراک دینے پر توقف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی اپنی پہلی خوراک لے چکی / چکے ہیں ، تو جان لیں کہ آپ نے ایک بہت موثر ویکسین لے لی ہے۔ آپ کو اپنی دوسری خوراک کے لیے ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) بھی دی جا سکتی ہے یا کوئی مختلف ویکسین کی پیش کش بھی کی جاسکتی ہے۔

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنہیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

## میں نے ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین کی پہلی خوراک لے لی ہے۔ اب جب اونٹیریو نے اس مخصوص ویکسین کو روک لیا ہے تو میری دوسری خوراک کا کیا ہو گا ؟

- حالیہ خطرے کی تشخیص اور فائزر (Pfizer) اور موڈرنا (Moderna) ویکسین کی بڑھتی ہوئی دستیابی کی بنا پر، اونٹیریو نے ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین کی پہلی خوراک دینے پر توقف کا فیصلہ کیا ہے۔
- ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین اب بھی بہت مؤثر ہے ، لیکن یہ خون کی ایک غیر معمولی لیکن سنگین بیماری VITT ہونے کا خطرہ رکھتی ہے جو کہ پہلی خوراک لینے کے بعد چار سے 28 دن میں پیدا ہو سکتی ہے۔
- اگر آپ نے پہلی خوراک لے لی تھی تو جان لیں کہ آپ COVID-19 سے حقیقتا" بیمار ہونے سے بہترین طور پر محفوظ ہیں۔ آپ کی دوسری خوراک کے لیے آپ کو ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) پیش کی جاسکتی ہے ، یا اس کے بجائے آپ کو (Pfizer) یا موڈرنا (Moderna) کی پیش کش کی جاسکتی ہے۔ مزید رہنمائی ملنے کے بعد ہم اس سوالنامہ کو اپ ڈیٹ کریں گے۔

## VITT ( ویکسین انڈیوسڈ تھرومبوٹک تھرومبوسائٹوپینیا) کی کیا علامات ہیں؟

- ویکسین لینے کے بعد تھکاوٹ محسوس ہونا، انجکشن والی جگہ پر خارش یا درد ہونا عام بات ہے۔ یہ VITT کی علامات نہیں ہیں۔ اگر آپ نے چار سے 28 دن پہلے ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین کی پہلی خوراک لی ہے تو، آپ اب تک ان علامات سے آگاہ ہوں گی/ گے جو VITT ظاہر کرسکتی ہے۔ ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ویکسین کے چار سے 28 دن بعد اگر آپ کو درج ذیل علامات نظر آتی ہیں تو قریبی ایمرجنسی روم جائیں:
  - شدید سر درد جو دور نہیں ہوتا ہے
  - کسی بیماری کا اچانک دورہ
  - اپنے کے جسم کے حصے کو حرکت دینے میں دشواری
  - نیا دھندلا پن یا دو دو نظر آنا جو دور نہیں ہوتا ہے
  - بولنے میں دشواری
  - سانس میں دشواری
  - سینے ، کمر یا پیٹ میں شدید درد
  - غیر معمولی خون بہنا یا خراش آنا
  - نئے سرخ یا جامنی رنگ کے دھبے یا خون کے چھالے
  - آپ کے بازو یا ٹانگ کی نئی شدید سوجن ، درد یا رنگ میں تبدیلیـ

## اگر میں فلو شاٹ لگواتا/لگواتی ہوں تو کیا اب بھی میں COVID-19 کی ویکسین لگوا سکتا/سکتی ہوں؟

- جی ہاں، آپ اب بھی COVID-19 کی ویکسین لگوا سکتے/سکتی ہیں خواہ آپ نے فلو شاٹ لگوائی ہو۔ دونوں لگوانے سے کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔ فلو شاٹ آپ کو فلو کے وائرس سے بچانے میں مدد کرتی ہے، جو COVID-19 سے مختلف قسم کا وائرس ہے۔ تاہم، اگر آپ نے حال ہی میں فلو شاٹ یا کوئی دیگر ویکسین لگوائی ہے، تو COVID-19 کی ویکسین لگوانے قبل آپ کو کم از کم 14 دن (2 ہفتے) انتظار کرنا ہو گا۔

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنہیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

## کیا ویکسین COVID-19 کے خلاف میری مدافعت کو بڑھائے گی اور کیا میں اب بھی اسے دوسروں میں منتقل کر سکتا/سکتی ہوں؟

- جی ہاں، ویکسین COVID-19 وائرس کے خلاف آپ کی مدافعت بڑھائے گی۔
- سائنسدان اور ڈاکٹرز یہ دیکھنے کے منتظر ہیں کہ آیا COVID-19 ویکسین لگوانے والے افراد اب بھی دوسروں میں COVID-19 منتقل کر سکتے ہیں یا نہیں۔

## اگر میرا ہیلتھ کارڈ یا دیگر حکومتی ID موجود نہیں ہے تو کیا میں ویکسین لگوا سکتا/سکتی ہوں؟

- جی ہاں، ہیلتھ کارڈ یا دیگر شناخت کے ساتھ یا اس کے بغیر ہر کوئی ویکسین لگوا سکتا ہے (جب دستیاب ہو)۔

## کیا کم مدافعت کے حامل افراد کو COVID-19 کی ویکسین لگوانی چاہیے؟

- کم مدافعت کے حامل افراد COVID-19 سے بیمار ہونے کے زیادہ خطرے سے دوچار ہیں۔
- کم مدافعت کے حامل افراد میں شدید COVID-19 کے زیادہ خطرے کی وجہ سے، اگر کوئی تضادات نہ ہوں تو وہ COVID-19 کی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔
- اس طرح کی آبادی کے بارے میں ابھی تک محدود شواہد ہیں، لیکن محققین یہ جاننے کی کوشش کر رہے ہیں کہ آیا کم مدافعت کے حامل افراد بھی ویکسین پر وہی ردعمل دیں گے جیسا دیگر لوگ دیتے ہیں۔
- ویکسین لگوانے سے قبل اپنی صحت کی نگہداشت کی ٹیم سے بات اور تبادلہ خیال کرنا اہم ہے۔

## COVID-19 کی ویکسین مجھے وائرس سے کتنے عرصہ تک بچائے گی؟

- یہ جاننا ابھی قبل از وقت ہے کہ COVID-19 کی ویکسینز COVID-19 سے آپ کو کتنے عرصہ تک بچائیں گی اور یہ کہ آیا آپ کو خوراک کو بوسٹ کرنے کی ضرورت ہو گی یا نہیں۔ اس سوال کے جواب کے لیے مزید تحقیق درکار ہے۔
- تحقیق دکھاتی ہے کہ COVID-19 سے صحت یاب ہونے والے لوگوں میں کم از کم کچھ وقت کے لیے اس بیماری میں دوبارہ مبتلا ہونے کا خطرہ کم ہے۔

## کیا مجھے ویکسین سالانہ طور پر لگے گی؟

- COVID-19 کی ویکسین ابھی نئی ہے، تو ابھی یہ معلوم نہیں ہے کہ آیا لوگوں کو ویکسین ہر سال لگوانے کی ضرورت ہو گی یا نہیں۔ اس کا فیصلہ کرنے کے لیے مزید تحقیق درکار ہے۔

## کیا ویکسین COVID-19 کے تغیرات کے خلاف مؤثر ہے؟

- سائنسدان اب بھی اس پر کام کر رہے ہیں کہ آیا ویکسینز COVID-19 کے تغیرات کے خلاف بھی مؤثر ہیں یا نہیں۔ ابھی تک یہ مؤثر ثابت ہوئی ہیں، جو COVID-19 کے سب سے عام تغیرات کے حوالے سے امید افزاء ہے۔
- وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے زیادہ تر لوگوں کا ویکسین لگوانا اہم ہے کیونکہ پھیلاؤ تغیرات میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنہیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

## کس عمر میں آپ یہ ٹیکہ لگوانے کی رضامند دے سکتی / سکتے ہیں؟ اگر میں نابالغ ہوں تو کیا ہوگا؟

- اونٹیریو میں صحت کی دیکھ بھال کے لئے رضامندی دینے کی کوئی عمر نہیں (ہیلتھ کیئر کانسنٹ ایکٹ 1996 ، [Health Care Consent Act, 1996])۔ کوئی بھی اہل فرد صحت کی دیکھ بھال کے لئے رضامندی دے سکتا ہے ، بشمول COVID-19 ویکسین لینے کے ۔ اگر صحت کی دیکھ بھال کرنے والا ایک ماہر آپ کو COVID-19 ویکسین لینے کے لئے رضامندی دینے سے قاصر ہے ، تو قانونی طور پر مجاز متبادل فیصلہ ساز آپ کے لئے رضامندی فراہم کرسکتا ہے۔ تاہم ، اگر اس میں کوئی اختلاف ہو اور آپ ، نابالغ فرد، اہل ہیں تو ، آپ کی خواہشات کا احترام کیا جائے گا۔ رضامندی کی اہلیت کا تعین علاج کی مخصوص بنیاد پر آپ کی صحت کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

## COVID کی ویکسینز کے متعلق سب سے عام وہم کیا ہیں؟

| | |
|---|---|
| دعویٰ | COVID-19 ویکسین میں مائیکرو چپ ٹریکنگ یا "نینو ٹرانسڈیوسرز" ہیں۔ |
| حقیقت | ویکسین میں کوئی مائیکروچپ نہیں ہے اور ویکسین لوگوں کو ٹریک یا دیگر ذاتی معلومات اکٹھی نہیں کرے گی۔ |
| دعویٰ | COVID-19 کی ویکسین میں مرکری ہے۔ |
| حقیقت | مرکری منظور شدہ COVID-19 ویکسین کا جزو ترکیبی نہیں ہے۔ ویکسینز کے اجزائے ترکیبی کے لیے آپ اونٹاریو حکومت کی "COVID-19 ویکسین کا تحفظ" کی ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے/سکتی ہیں: covid-19.ontario.ca/covid-19-vaccine-safety#vaccine-ingredients-and-how-they-work |
| دعویٰ | COVID-19 کی ویکسین میرا DNA تبدیل کر دے گی۔ |
| حقیقت | ویکسین صرف مدافعت پیدا کرے گی اور آپ کے جسم کو بتائے گی کہ اینٹی باڈیز کیسے بنانی ہیں۔ یہ DNA سے تعامل یا اسے تبدیل نہیں کرے گی۔ |
| دعویٰ | COVID-19 کی ویکسین ذہنی یا اعصابی (دماغی) بیماری کا باعث بن سکتی ہے۔ |
| حقیقت | ایسے کوئی شواہد نہیں ہیں کہ ویکسینز سے کوئی ذہنی یا اعصابی بیماری ہوتی ہے۔ |
| دعویٰ | COVID-19 کی ویکسین بانجھ پن اور اسقاط حمل کا باعث بنتی ہے۔ |
| حقیقت | COVID-19 کی ویکسین اور بانجھ پن یا اسقاط حمل کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ |
| دعویٰ | COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے بعد آپ کو ماسک پہننے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ |
| حقیقت | سب کے ویکسین لگوانے تک کچھ وقت لگے گا۔ جب تک کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ویکسین نہیں لگواتے، COVID-19 اب بھی منتقل ہو سکتا ہے۔ آپ کے ویکسین لگوانے کے بعد بھی، آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرنا ہو گا (مثال کے طور پر، جسمانی فاصلہ، ماسک پہننا، اپنے ہاتھ دھونا)۔ |

*اس پوری دستاویز میں، جب ہم "ویکسین" کا حوالہ دیں گے تو اس سے ہماری مراد COVID-19 کی تمام ویکسینز ہیں جنھیں ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے نظم کے لیے منظور کیا گیا ہے

| | |
|---|---|
| **دعویٰ** | آپ محض خودبخود مدافعیت پیدا ہونے کا انتظار کر سکتے ہیں۔ |
| **حقیقت** | COVID-19 اور ویکسین دونوں نئے ہیں۔ ہمیں معلوم نہیں ہے کہ متاثرین یا ویکسین لگوانے والے لوگوں کا تحفظ کتنے عرصہ تک رہتا ہے۔ ہمیں بس یہ علم ہے کہ COVID-19 سے کافی زیادہ لوگ شدید بیمار اور اموات ہوئی ہیں۔ اگر آپ کو COVID-19 ہوتا ہے تو آپ اپنے پیاروں کو منتقل کرنے کے خطرے سے بھی دوچار ہوتے ہیں جو کافی بیمار ہو سکتے ہیں۔ COVID-19 کی ویکسین لگوانا محفوظ ترین انتخاب ہے۔ |
| **دعویٰ** | ویکسین COVID-19 کا علاج ہے۔ |
| **حقیقت** | ویکسین ایک احتیاطی تدبیر ہے، COVID-19 کا علاج نہیں۔ ویکسین لگوانا زیادہ ممکنہ طور پر COVID-19 سے بیمار ہونے کے آپ کے خطرے کو کم کر دے گا۔ |
| **دعویٰ** | ویکسین سے لقوہ ہو جائے گا۔ |
| **حقیقت** | لقوے سے بیماری افراد ویکسین لگوا سکتے ہیں۔ لقوے کے رپورٹ کردہ کیسز COVID-19 کی ویکسینز سے متعلقہ نہیں پائے گئے۔ |
| **دعویٰ** | بعض ویکسینز دیگر کی نسبت کم مؤثر ہوتی ہیں۔ |
| **حقیقت** | اگرچہ عام طور پر بعض ویکسینز لوگوں کو COVID-19 وائرس سے بچانے میں زیادہ مؤثر دیکھی گئی ہیں، تاہم تمام منظور شدہ ویکسینز COVID-19 کے باعث اموات اور ہسپتال داخلے سے بچانے میں 100% مؤثر ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ویکسین آپ کو COVID-19 کی بدترین علامات سے بچائے گی۔ |

نئے سوالات آنے پر اکثر پوچھے جانے والے سوالات اپ ڈیٹ کیے جائیں گے۔ براہ کرم اکثر چیک کرتے/کرتی رہیں۔

## نوٹس

CV80 / 05-2021

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو براہ کرم اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

یہ معلوماتی شیٹ ایسے لوگوں کے لیے وسیلہ نہیں ہے جنہیں COVID-19 کی اسکریننگ درکار ہے یا جنہیں ذہنی صحت کے بحران کا سامنا ہے۔ اگر آپ کو ذہنی صحت کے بحران کا سامنا ہے تو براہ کرم فوراً 911 پر کال کریں یا قریب ترین ایمرجنسی شعبہ میں جائیں۔

مزید معلومات کے لیے، **www.camh.ca/covid19** ملاحظہ کریں

**CAMH کے Azrieli ایڈلٹ نیورو ڈویلپمینٹل سینٹر (Adult Neurodevelopmental Centre) کی اجازت سے اپنایا گیا**